SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

January 3, 2018

***For immediate release***

## لسٹڈ کمپنیاں چیف فنانشل افسر کے توثیق شدہ مالیاتی گوشوارے جمع کروائیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد، ۳ جنوری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے چیف فنانشل افسران کو یاددہانی کرائی ہے کہ وہ اپنی کمپنیوں کے مالیاتی گوشوارے خود توثیق کرنے کے بعد بھجوایا کریں۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے دفعہ ۲۳۲ کے تحت مذکورہ توثیق مستقبل میں تادیبی کارروائیوں سے بچنے کے لئے لئے ضروری ہے۔

ایس ای سی پی کے کارپوریٹ سپرویژن ڈیپارٹمنٹ کے مشاہدہ میں آیا ہے کہ کئی لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے ایس ای سی پی کو جمع کروائی جانے 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے مالی سال کی فنانشل سٹیٹمنٹ کمپنی کے سی ایف او سے تصدیق شدہ نہیں ہیں۔ یادرہے کہ ایس ای سی پی کو سی ایف او کی غیر تصدیق شدہ مالی سٹیٹمنٹ کی فراہمی کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ 232 کی خلاف ورزی ہے جس پر کمپنی کو اظہار وجوہ کا نوٹس اور جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 متقاضی ہے کہ کمپنیوں کے مالیاتی گوشوارے بورڈ سے منظور شدہ اور اس ضمن میں چیف ایگزیکٹو اور کم از کم ایک ڈائریکٹر کے دست خط شدہ ہونے چاہئیں۔ مزید برآں لسٹڈ کمپنیوں کے لئے لازم ہے کہ ان کی مالی سٹیٹمنٹ کمپنی کے چیف فنانشل افسر سے بھی توثیق شدہ ہوں۔

چونکہ ایکٹ کی دفعہ 232 کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کے لئے سی ایف او کی تصدیق شدہ مالی سٹیٹمنٹ کی شرط قانون میں پہلی بار شامل کی گئی ہے اس لئے لسٹڈ کمپنیاں کو فنانشل سٹیٹمنٹ کمپنی کے چیف فنانشل آفیسر کی جانب سے تصدیق کر کے بھیجنے کی یاد دہانی کے لئے ہدایات جاری کی جارہی ہیں تاکہ کمپنیاں کسی قسم کی قانونی کارروائی سے بچ سکیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005